© rasailojaraid.com

بہادیں گے۔ جامعہ علوم اثریہ کے نائب مدیر حافظ عبدالغفور مدنی نے کہا کہ اگر ہم نے تحفظ حرمین شریفین کیلئے اپنا کردار ادا نہ کیا تو اللہ ابابیلوں سے بھی یہ کام لے سکتا ہے مگر ہم اس سعادت سے محروم ہو جائیں گے۔ مرکزی انجمن تاجران کے صدر شاہد رسول ڈار نے کہا کہ اگر تامل باغیوں کی سرکوبی کیلئے پاک فوج سری لنکا بھیجی جاسکتی ہے تو حوثی باغیوں کے قلع قمع کیلئے برادر اسلامی ملک سعودی عرب اور یمن کیوں نہیں بھیجی جاسکتی۔ مرکزی انجمن تاجران کے سیکرٹری جنرل عبدالقادر شاہین نے کہا کہ تحفظ حرمین شریفین کیلئے اپنا تن من دھن قربان کر دیں گے۔ مرکزی انجمن اہل حدیث جہلم کے صدر راجہ انار گل ایڈووکیٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پاکستانی عوام کی خواہش اور مطالبے کو منظور کرتے ہوئے پاک فوج کو فوراً سعودی عرب بھیجا جائے۔ اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر عاطف جواد نے کہا کہ حرمین شریفین کی طرف اٹھنے والی آنکھ کو پھوڑ دیا جائے گا اور اٹھنے والے ہاتھوں کو توڑ دیا جائے گا۔

## جامعہ علوم اثریہ کا اعزاز

وفاق المدارس السّلفیہ سے الشہادۃ العالیہ کے سالانہ امتحانات میں جامعہ کے 11 ہونہار طلبا نے ممتاز نمبروں پر کامیابی حاصل کی۔ حکومت پنجاب نے دینی مدارس کے طلبا و طالبات کی حوصلہ افزائی کیلئے لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ مورخہ 30 مارچ بروز سوموار جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں تقسیم انعامات کی عظیم الشان تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر مذہبی امور جناب سردار محمد یوسف تھے۔ اس تقریب میں جامعہ کے 11 خوش نصیب طلبا حافظ عبید الرحمٰن، حافظ عبداللہ گوندل، محمد احتشام فاروق، حافظ محمد شعیب، حافظ عبدالباسط، حمید احمد علی، محمد عمران، ابوبکر، حافظ عدنان اکبر، حافظ کاشف علی اور محمد یوسف نے لیپ ٹاپ حاصل کیے۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر اور جامعہ کے اساتذہ نے طلبا کو مبارکباد دی اور دُعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کو عالم باعمل بنائے۔ آمین

## موت العالم موت العالم
## شیخ الحدیث مولانا محمد اسلم گھلوی کا سانحہ ارتحال

گزشتہ دنوں نامور عالم دین شیخ الحدیث مولانا محمد اسلم گھلوی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم عالم باعمل، خوش طبع، ملنسار اور انتہائی با اخلاق انسان تھے۔ پوری زندگی دین کی تعلیم و تبلیغ میں گزاری، سینکڑوں طلبا و طالبات ان کیلئے صدقہ جاریہ ہیں۔



© rasailojaraid.com